Maulana Azad National Urdu University
M.A. : Urdu, IV Semester Examination, July 2023
Paper - MAUR402CCT : Urdu Nazm
پرچہ : اردو نظم

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال:1

I. ابتدا میں آزاد نظم کی ہیئت کو فروغ دینے میں کس مصنف کا اہم کردار رہا ہے؟

(a) اختر شیرانی (b) ن۔م۔راشد (c) محسن کاکوروی (d) اخترالایمان

II. تیری جبیں سے نور حسن ازل عیاں ہے اللہ رے زیب و زینت کیا اوج عزوشاں ہے

درج بالا شعر کس کا ہے؟

(a) علامہ اقبال (b) حالی (c) چکبست (d) شبلی

iii. وہ نظم جس کے ہر مصرعے کے آخر میں کچھ موزوں الفاظ بڑھا دیئے جائیں۔ اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) ترکیب بند (b) ترجیع بند (c) مستزاد (d) مسمط

iv. جوش ملیح آبادی نے اپنے ادبی سفر کے آغاز میں کون سا تخلص اختیار کیا تھا؟

(a) شبیر (b) بشیر (c) جوش (d) حسن

v. آگ ہے اولاد ابراہیم ہے نمرود ہے کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے

درج بالا شعر اقبال کے کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(a) طلوع اسلام (b) لالۂ صحرائی (c) ذوق وشوق (d) خضر راہ

vi. مخدوم کے پہلے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟

(a) بساط رقص (b) گل تر (c) چاند تاروں کا بن (d) سرخ سویرا

vii. نظم ''ہماری گائے'' کس نے لکھی ہے؟

(a) نظیر اکبرآبادی (b) اسمعیل میرٹھی (c) چکبست (d) سرور جہاں آبادی

viii. ''نقش فریادی ایک ایسے شاعر کی غزلوں اور نظموں کا پہلا مجموعہ ہے جو رومان اور حقیقت کے سنگم پر کھڑا ہے''
یہ جملہ فیض کے پہلے مجموعے کلام کے لیے کس نے کہا تھا؟

(a) ن۔م۔راشد (b) قیوم نظر (c) محمد دین تاثیر (d) جیوتی گھوش

ix. اقبال کی مثنوی ''اسرار خودی'' کا انگریزی ترجمہ کس نے کیا؟

(a) نذیر محمد بنارسی (b) آرنلڈ (c) سر عبدالقادر (d) آر۔اے۔ نکلسن

x. ''جدید اردو نظم اور یورپی اثرات'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

(a) حامدی کاشمیری (b) عبادت بریلوی (c) خلیل الرحمٰن اعظمی (d) ڈاکٹر حنیف کیفی

حصہ دوم

2۔ نظم کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

3۔ نظیر کی نظموں کے موضوعات کا احاطہ کیجیے۔

4۔ نظم ''ایک لڑکا'' کا خلاصہ لکھیے۔

5۔ چکبست کی زندگی کے حالات پر ایک نوٹ قلمبند کیجیے۔

6۔ فیض کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

7۔ نظم ''چاند تاروں کا بن'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

8۔ حلقۂ ارباب ذوق کی نظم نگاری کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔

9۔ کسی دو پر نوٹ لکھیے۔

(a) سرور جہاں آبادی (b) محمد حسین آزاد (c) اسمٰعیل میرٹھی (d) مجاز لکھنوی

حصہ سوم

10۔ نظم نگاری کے ارتقاء میں اکبر الہ آبادی کے مقام کا تعین کیجیے۔

11۔ جوش ملیح آبادی کی نظم ''کسان'' کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

12۔ ''اقبال نے اردو نظم کو فکر و فلسفے سے روشناس کیا'' اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

13۔ ''مناجات بیوہ'' میں حالی نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

14۔ ''انجمن پنجاب اور جدید نظم'' سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

☆☆☆